ایبٹ آباد، راولپنڈی/اسلام آباد، پشاور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا مقبول روزنامہ

MEMBER
A.P.N.S / C.P.N.E

تحریک تعمیر معاشرہ انتشار ختم اتحاد

ABC
CERTIFIED

روزنامہ

Daily
Ittehad

اتحاد

ایبٹ آباد

بانی چیف ایڈیٹر شریف فاروق (مرحوم)
ایڈیٹر: طاہر فاروق

جلد نمبر: 19 | جمعۃ المبارک 17 مارچ 2023ء، 24 شعبان المعظم 1444ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر: 327

# وفاقی ادارے محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں

## وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی

### عوام الناس کو سستا اور فوری انصاف ہی ہماری اولین ترجیح ہے، اعجاز قریشی

ایبٹ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وفاقی ادارے وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی، وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد میں کوتاہی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59)

بقیہ | روزنامہ اتحاد | 59

برداشت نہیں کی جائے گی۔ عبدالمنصور بیگ ریجنل وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے وفاقی اداروں کو وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کی ہدایات کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ عوام الناس کو سستا اور فوری انصاف مہیا کی غرض سے معرض وجود میں آیا ہے جہاں شکایت کنندگان کی شکایات پر فوری ایکشن لیتے ہوئے متعلقہ محکموں کے ارباب اختیار سے جواب طلبی کی جاتی ہے اور شکایت دہندہ کی شکایت پر 60 یوم میں فیصلہ کیا جاتا ہے اور فیصلے پر عملدرآمد کے لئے مناسب وقت دیا جاتا ہے۔ اس ضمن میں وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ایبٹ آباد کے ریجنل ہیڈ عبدالمنصور بیگ کی سربراہی میں عملدرآمد کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں فیصلہ شدہ شکایات پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا جس میں اب تک وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کو گزشتہ 3 سالوں میں 19 ہزار سے زائد شکایات موصول ہوئیں جن میں محکمہ واپڈا، سوئی گیس، نیشنل ہائی ویز اتھارٹیز، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام، پوسٹل ڈیپارٹمنٹ اور نیشنل بنک کے خلاف شکایات زیادہ ہیں ان شکایات پر تقریبا 70 فیصد شکایات پر عملدرآمد ہو چکے ہیں جبکہ باقی ماندہ شکایات پر عملدرآمد کے لئے احکامات جاری کردیے گئے ہیں۔

GOLDEN JUBILEE 1975 آفتاب 2022 48 YEARS

ABC CERTIFIED

کامیاب صحافت کے 48 سال

MEMBER APNS

ملتان، لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت آزاد قومی اخبار

Daily AFTAB Multan

روزنامہ آفتاب ملتان

چیف ایڈیٹر: ممتاز طاہر

ایڈیٹر: اسد ممتاز

www.dailyaftab.pk

جلد نمبر 49 | جمعۃ المبارک 24 شعبان 1444ھ 17 مارچ 2023ء 32 پھاگن 2079ب | صفحات 08 | قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 193

## شجاع آباد، وفاقی محتسب کا چھوٹے کاشتکار کو بڑا ریلیف، 5 لاکھ سے زائد رقم بل سے فوری نکالنے کا حکم

شجاع آباد (سٹی رپورٹر) وفاقی محتسب کا چھوٹے کاشتکار کو بڑا ریلیف، 5 لاکھ سے زائد رقم بل سے فوری نکالنے کا حکم، وفاقی محتسب کا ادارہ غریبوں کی آواز ہے، سینئر انوسٹی گیشن آفیسر ڈاکٹر زاہد ملک شجاع آباد کے رہائشی کاشتکار نے وفاقی محتسب ملتان میں درخواست دائر کی کہ محکمہ واپڈا والے اسے اوور چارجنگ کی صورت میں مسلسل اضافی بل بھیجے رہتے ہیں، اور زبردستی کنکشن کٹنے کے ڈر سے اسے ادا کرنا پڑتا ہے جس پر وفاقی محتسب کے سینئر انوسٹی گیشن آفیسر ڈاکٹر زاہد ملک



نے اس شکایت پر فوری ایکشن لیتے ہوئے متعلقہ XEN کو رپورٹ کے ہمراہ طلب کیا اور سماعت کے دوران اس کے تمام ناجائز بل درست کرنے کی ہدایت کی، جسے فوری طور پر عملدرآمد کروایا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایسے معاملات قابل قبول نہیں ہے کسی بھی غریب بندے کو ناجائز بل بھیجنا اور اسے ذہنی دبا میں ڈالنا ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ عوام الناس اپنی شکایات سادہ کاغذ پر لکھ کر موقع پر جمع کروا سکتے ہیں، تمام عوامی مسائل قوائد وضوابط کے مطابق حل کروانا وفاقی محتسب کی زمہ داری ہے جو بلا معاوضہ اور بلا تاخیر جاری رہے گی۔

DAILY **AGHAZ-E-SAFAR** MULTAN

روزنامہ

# آغازِ سفر ملتان

چیف ایگزیکٹو **محمد ذوالفقار** ایڈیٹر **امتیاز ذوالفقار**

جلد نمبر 9 | جمعۃ المبارک 24 شعبان المعظم 1444ء 17 مارچ 2023ء 4 چیت صفحات 8 قیمت 25 روپے | شمارہ نمبر 227

## وفاقی محتسب کا چھوٹے کاشتکار کو بڑا ریلیف، 5 لاکھ سے زائد رقم بل سے فوری نکالنے کا حکم



شجاع آباد (کرائم رپورٹر) وفاقی محتسب نے چھوٹے کاشتکار کو بڑا ریلیف، 5 لاکھ سے زائد رقم بل سے فوری نکالنے کا حکم دیدیا۔ وفاقی محتسب کا ادارہ غریبوں کی آواز ہے، سینئر انوسٹی گیشن آفیسر ڈاکٹر زاہد ملک شجاع آباد کے رہائشی کاشتکار نے وفاقی محتسب ملتان میں درخواست دائر کی کہ محکمہ واپڈا والے اسے اوور چارجنگ کی صورت میں مسلسل اضافی بل بھیجے رہتے ہیں، اور زبردستی کنکشن کٹنے کے ڈر سے اسے ادا کرنا پڑتا ہے جس پر وفاقی محتسب کے سینئر انوسٹی گیشن آفیسر ڈاکٹر زاہد ملک نے اس شکایت پر فوری ایکشن لیتے ہوئے متعلّقہ XEN کو رپورٹ کے ہمراہ طلب کیا اور سماعت کے دوران اس کے تمام ناجائز بل درست کرنے کی ہدایت کی، جسے فوری طور پر عملدرآمد کروایا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایسے معاملات قابل قبول نہیں ہے کسی بھی غریب بندے کو ناجائز بل بھیجنا اور اسے ذہنی دبا میں ڈالنا ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ عوام الناس اپنی شکایات سادہ کاغذ پر لکھ کر موقع پر جمع کرواسکتے ہیں، تمام عوامی مسائل قوائد وضوابط کے مطابق حل کروانا وفاقی محتسب کی زمہ داری ہے جو بلا معاوضہ اور بلا تاخیر جاری رہے گی۔ شہری ہے وفاقی محتسب کے ادارے اور ڈاکٹر زاہد ملک کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور ڈھیروں دعائیں دیں۔

پشاور، ایبٹ آباد اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت قومی روزنامہ

روشن کل کی ضمانت، آج کا نصب العین

روزنامہ

# آج

گروپ چیف ایگزیکٹو
نگہت شاہین

ایبٹ آباد
سے
پاکستان

بانی
عبدالواحد یوسفی

جلد 27 | جمعہ 17 مارچ 2023، 24 شعبان 1444ھ | قیمت 15 روپے | شمارہ 138


# وفاقی محتسب نے اداروں کو فیصلوں پر عملدرآمد کی ہدایت کردی

## شکایات کنندہ کی شکایت پر ساٹھ یوم کے اندر فیصلہ کیا جاتا ہے اور فیصلے پر عملدرآمد کیلئے مناسب وقت بھی دیا جاتا ہے

## وفاقی محتسب کا ادارہ عوام الناس کو سستا اور فوری انصاف مہیا کرنے کی غرض سے معرض وجود میں آیا ہے: اعجاز احمد قریشی

ایبٹ آباد (آج نیوز) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے وفاقی اداروں کو وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کی ہدایات کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ عوام الناس کو سستا اور فوری انصاف مہیا کی غرض سے معرض وجود میں آیا ہے جہاں شکایت کنندہ گان کی شکایت پر فوری ایکشن لیتے ہوئے متعلقہ محکموں کے ارباب اختیار سے جواب طلبی کی جاتی ہے اور شکایت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65)

**بقیہ نمبر 65 — وفاقی محتسب**

دہندہ کی شکایت پر 60 یوم میں فیصلہ کیا جاتا ہے اور فیصلے پر عملدرآمد کے لئے مناسب وقت دیا جاتا ہے۔ اس ضمن میں وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ایبٹ آباد کے ریجنل ہیڈ عبدالغفور بیگ کی سربراہی میں عملدرآمد کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں فیصلہ شدہ شکایات پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا جس میں اب تک وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کو گزشتہ 3 سالوں میں 19 ہزار سے زائد شکایات موصول ہوئیں جن میں محکمہ واپڈا، سوئی گیس، نیشنل ہائی ویز اتھارٹیز، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام، پوسٹل ڈیپارٹمنٹ اور نیشنل بنک کے خلاف شکایات زیادہ ہیں ان شکایات پر تقریباً 70 فیصد شکایات پر عملدرآمد ہو چکے ہیں جبکہ باقی ماندہ شکایات پر عملدرآمد کے لئے احکامات جاری کر دیے گئے ہیں وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے ریجنل ہیڈ عبدالغفور بیگ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ یہ علاقائی دفتر عوام کی سستا اور فوری انصاف فراہم کرنے کے لئے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی رہنمائی میں اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔

☆ کی محمدؐ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں ☆☆ یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں ☆

Daily
MERA QALAM
Faisalabad

ABC Certified
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
میرا قلم
فیصل آباد

بانی
میاں محمد شریف اشرف (مرحوم)

چیف ایڈیٹر
میاں شاہد گوگی

MB/FD-149/FR

E-Mail:-meraqalamfsd@gmail.com

ڈپٹی ایڈیٹر
میاں محمد نجیب

ایڈیٹر
علی ملک
0321-3903103

مینجنگ ایڈیٹر
ڈاکٹر جمیل ملک
0300-6623662

ایگزیکٹو ایڈیٹر
شیخ افضل
0321-9664007

نمائندہ خصوصی
عاطف چوہدری
0316-4321027

041-8715858
قیمت 10 روپے

جلد 10 | جمعۃ المبارک، 17 مارچ 2023ء، 24 شعبان المعظم 1444ھ، 4 چیت 2079 بم | شمارہ 64

# مشیر وفاقی محتسب کا ضلعی پاسپورٹ آفس کا دورہ

ہد حسین جیلانی ایڈوائزر ریجنل آفس وفاقی محتسب سیکرٹریٹ فیصل آباد کے دورے کے دوران یاسر شبیر ملک اسسٹنٹ رجسٹرار بھی انکے ہمراہ تھے

## ضلعی پاسپورٹ آفس کا نظام محدود وسائل کے اندر رہتے ہوئے درست سمت میں کام کر رہا ہے، مشیر وفاقی محتسب شاہد حسین جیلانی کی گفتگو

فیصل آباد (ڈاکٹر جمیل ملک سے) وفاقی محتسب کی ہدایات پر ایڈوائزر وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس نے آج منگل کے روز ضلعی پاسپورٹ آفس فیصل آباد کا دورہ کیا۔ شاہد حسین جیلانی ایڈوائزر ریجنل آفس وفاقی محتسب سیکرٹریٹ فیصل آباد کے دورے کے دوران یاسر شبیر ملک اسسٹنٹ رجسٹرار بھی انکے ہمراہ تھے۔ ایڈوائزر شاہد حسین جیلانی نے بتایا کہ وفاقی محتسب نے چند روز قبل ہونے والے جائزہ اجلاس میں ہدایات جاری کیں تھیں کہ پاسپورٹ آفس کا دورہ کیا جائے اور پاسپورٹ کی جلد سے جلد عوام کو فراہمی بارے عمل کا جائزہ لیا جائے تاکہ عوام کے مسائل و مشکلات حل ہوں۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب کے احکامات پر عمل درآمد کرتے ہوئے ہم نے آج یہ دورہ کیا ہے تاہم ابتدائی طور پر ریکارڈ کے معائنہ اور آفس کے تمام شعبوں میں کام کی رفتار دیکھتے ہوئے کہا جا سکتا ہے کہ ضلعی پاسپورٹ آفس کا نظام محدود وسائل کے اندر رہتے ہوئے درست سمت میں کام کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے عوام کو دوران حصول پاسپورٹ دی جانیوالی سہولیات کا بھی جائزہ لیا ہے اور دفتر میں موجود سائلین کو درپیش مسائل کی بابت بھی دریافت کیا تاہم اکثریت نے کہا ہمیں کوئی شکایت نہ ہے۔ شاہد حسین جیلانی نے دفتر کے سائلین کو مزید بہتر سہولیات فراہم کرنے اور پاسپورٹ کی درخواست سے لیکر حصول تک تمام مراحل میں مزید بہتری لانے کی ہدایات جاری کیں۔ ساجد الرحمان اسسٹنٹ ڈائریکٹر ضلعی پاسپورٹ آفس نے ایڈوائزر وفاقی محتسب کو آفس کا معائنہ کروایا اور تمام متعلقہ ریکارڈ انکے حوالے کیا۔ ساجد الرحمان نے کہا کہ ہم سٹاف کی کمی کے باوجود روزانہ 600 کے قریب درخواستیں مکمل کر کے پاسپورٹ پرنٹنگ کیلئے اسلام آباد بھیجتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ہیومن ریسورس کی کمی کے ساتھ ساتھ ڈاک کے براہ راست اسلام آباد نہ پہنچنے سے بھی پاسپورٹ کی ڈلیوری میں ایک دن کی مزید تاخیر ہو جاتی ہے کیونکہ ڈاک فیصل آباد سے پہلے لاہور اور پھر اسلام آباد جاتی ہے۔ ساجد الرحمان نے ایڈوائزر شاہد حسین جیلانی کو مزید بتایا کہ فیصل آباد میں پروٹیکٹر آفس بھی نہیں ہے اور بجٹ بھی بہت کم ہے۔ ایڈوائزر شاہد حسین جیلانی نے موقع پر موجود خواتین کے بھی مسائل سنے اور انکے فوری حل کیلئے ہدایات جاری

★★★★ Email:hararatmultan@gmail.com ★★★★

ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت اور مؤثر روزنامہ | ABC CERTIFIED | سٹینڈرڈ بیورو آف سرکولیشن کا ADC بآقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | بانی: نذیر احمد الثمری (مرحوم)

DAILY HARARAT MULTAN

روزنامہ حرارت ملتان

چیف ایگزیکٹو: چوہدری ضیاء الرحمٰن
چیف ایڈیٹر: چوہدری محمد ادریس
سب آفس: لاہور

ڈپٹی ایڈیٹر: رانا نعمان اختر
ایڈیٹر: محمد رفیق بھٹی

جلد نمبر 35 | جمعۃ المبارک 24 شعبان 1444 17 مارچ 2023 25 پھاگن 2079 | شمارہ نمبر 18

# وفاقی محتسب کا چھوٹے کاشتکار کو بڑا ریلیف

## 5 لاکھ سے زائد رقم بل سے فوری نکالنے کا حکم وفاقی محتسب کا ادارہ غریبوں کی آواز ہے، سینئر انوسٹی گیشن آفیسر ڈاکٹر زاہد ملک



ملتان ) آصف اسلم چاون (شجاع آباد کے رہائشی کاشتکار نے وفاقی محتسب ملتان میں درخواست دائر کی کہ محکمہ واپڈا والے اسے اوور چارجنگ کی صورت میں مسلسل اضافی بل بھیجے رہتے ہیں، اور زبردستی کنکشن کٹنے کے ڈر سے اسے ادا کرنا پڑتا ہے جس پر وفاقی محتسب کے سینئر انوسٹی گیشن آفیسر ڈاکٹر زاہد ملک نے اس شکایت پر فوری ایکشن لیتے ہوئے متعلقہ XEN کو رپورٹ کے ہمراہ طلب کیا اور سماعت کے دوران اس کے تمام ناجائز بل درست کرنے کی ہدایت کی، جسے فوری طور پر عملدرآمد کروایا گیا۔ان کا کہنا تھا کہ ایسے معاملات قابل قبول نہیں ہے کسی بھی غریب بندے کو ناجائز بل بھیجنا اور اسے ذہنی دباؤ میں ڈالنا ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ان کا مزید کہنا تھا کہ عوام الناس اپنی شکایات سادہ کاغذ پر لکھ کر موقع پر جمع کروا سکتے ہیں،تمام عوامی مسائل قوائد وضوابط کے مطابق حل کروانا وفاقی محتسب کی ذمہ داری ہے جو بلا معاوضہ اور بلا تاخیر جاری رہے گی۔شہری نے وفاقی محتسب کے ادارے اور ڈاکٹر زاہد ملک کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور ڈھیروں دعائیں دیں۔

REGISTERED #
M-338

معاشرے کے نوجوانوں کا بامقصد اخبار

ABC CERTIFIED

www.youthvision.com.pk

روزنامہ

# یوتھ وژن

بہاولپور

چیف ایگزیکٹو:
واصب ابراہیم غوری

0092-300-8684567
0092-312-6829000

بانی
محمد ابراہیم غوری

youthvisionnews

ایگزیکٹو ایڈیٹر:
عمران منیر قذافی

Email: dailyyouthvision@gmail.com

جلد نمبر 11 | بروز جمعۃ المبارک 17 مارچ 2023ء بمطابق 1444ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 268



بہاول پور: شکیل احمد خان یوسف زئی انوسٹگیشن آفیسر وفاقی محتسب بہاول پور انصاف آپ کی دہلیز پر OCR پروگرام کے تحت لوگوں کی شکایات سن رہے ہیں۔

## شکیل احمد خان یوسف زئی 20 مارچ کو بہاولنگر میں لوگوں کی شکایات سنیں گے

### مہینے میں ایک بار بہاولنگر کا دورہ کیا کریں گے، انوسٹگیشن آفیسر وفاقی محتسب بہاولپور

بہاول پور (پ ر) شکیل احمد خان یوسف زئی انوسٹگیشن آفیسر وفاقی محتسب بہاولپور 20 مارچ 2023 کو صوبائی محتسب آفس بہاولنگر ''انصاف آپ کی دہلیز پر OCR'' پروگرام کے تحت لوگوں کی شکایات سنیں گے تمام شکایت کندگان اور متعلقہ وفاقی اداروں کے افسران کو مقررہ تاریخ پر صبح 10 بجے حاضر ہونے کی تاکید کی جاتی ہے۔ بعدازاں کھلی کچہری میں لوگوں کی وفاقی اداروں میپکو، نادرا SNGPL، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام بیت المال، ایف آئی اے اور پاکستان پوسٹ آفس وغیرہ کی بدانتظامی کیخلاف دائر کی گئی 40 شکایات کی سماعت کریں گے۔ مزید براں انوسٹگیشن آفیسر نے میڈیا نمایندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مہینے میں ایک بار بہاولنگر کا دورہ کیا کریں گے جس میں بہاولنگر، ہارون آباد، چشتیاں، منچن آباد اور فورٹ عباس کے سائلین کسی بھی وفاقی ادارے کے خلاف اپنی شکایات جمع کروا سکتے ہیں۔ مزید یہ کہ تمام وفاقی اداروں کی انسپکشن کے ساتھ بدانتظامی بھی دور کی جائے گی تاکہ لوگوں کو مناسب ریلیف دیا جائے۔ اعجاز احمد قریشی وفاقی محتسب اعلی پاکستان کے پروگرام اور نظریہ'' کے تحت عوام الناس کی وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف دائر کی گئی شکایات کا فوری، بلا معاوضہ اور سائل کی دہلیز پہ مفت انصاف مہیا کرنے کے وعدہ کی تکمیل کی بھرپور کوشش کی جارہی ہے، مزید عوام سے گزارش ھے کہ ادارے کی اس سہولت سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھائیں اور وفاقی اداروں کی بد انتظامی کیخلاف شکایات کو وفاقی محتسب افس بہاولپور میں درج کروائیں کیونکہ اس ادارہ کو غریب کی عدالت قرار دیا گیا ہے